

# شعبۂ امتحانات تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان
## بابت سالانہ امتحانات
### ۱۴۴۸ھ/2027ء

# نظام الاوقات
## وصولی فارم داخلہ

## طلبہ
تجوید، درسِ نظامی، دورہ حدیث، تخصص فی الفقہ

**اجراء فارم داخلہ:** 16 تا 30 جون 2026ء (یکم تا 15 محرم الحرام 1448ھ)

| وصولی فارم | شمسی تاریخ | متوقع قمری تاریخ | تجوید متوسط | عامہ | خاصہ | عالیہ | عالمیہ | تخصص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شرح فیس 1 | بدھ یکم تا جمعرات 30 جولائی 2026ء | 16 محرم الحرام تا 16 صفر المظفر | 500 | 800 | 1000 | 1200 | 1500 | 2000 |
| شرح فیس 2 | جمعہ 31 جولائی تا پیر 17 اگست 2026ء | 17 صفر المظفر تا 04 ربیع الاول | 750 | 1200 | 1500 | 1800 | 2250 | 3000 |
| شرح فیس 3 | منگل 18 اگست تا جمعرات 03 ستمبر 2026ء | 05 ربیع الاول تا 21 ربیع الاول | 1000 | 1600 | 2000 | 2400 | 3000 | 4000 |

(متوسط)
امیدوار کی عمر: 30 اپریل 2027ء تک 12 سال ہونا ضروری۔

(عامہ اول)
امیدوار کی عمر: 30 اپریل 2027ء تک 13 سال ہونا ضروری۔

عنوانات تحقیقی مقالہ جات برائے شھادۃ العالمیہ سال دوم 22 اپریل 2026ء کو مدارس اہلسنت کو بذریعہ ڈاک ارسال ہو چکے۔
تنظیم المدارس کی ویب سائیٹ پر بھی اپ لوڈ کر دیئے گئے ہیں۔

مقالہ جات عنوان کی رجسٹریشن کی آخری تاریخ یکم محرم الحرام 1448ھ ہے

مقالہ جات جمع کرانے کی آخری تاریخ 25 جمادی الثانیۃ ۱۴۴۸ھ

## طالبات
تجوید، درسِ نظامی، دورہ حدیث

**اجراء فارم داخلہ:** یکم تا 14 جولائی 2026ء (16 تا 29 محرم الحرام 1448ھ)

| وصولی فارم | شمسی تاریخ | متوقع قمری تاریخ | تجوید | عامہ | خاصہ | عالیہ | عالمیہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شرح فیس 1 | بدھ 15 جولائی تا پیر 17 اگست 2026ء | یکم صفر المظفر تا 04 ربیع الاول | 500 | 800 | 1000 | 1200 | 1500 |
| شرح فیس 2 | منگل 18 اگست تا جمعرات 03 ستمبر 2026ء | 05 ربیع الاول تا 21 ربیع الاول | 750 | 1200 | 1500 | 1800 | 2250 |
| شرح فیس 3 | جمعہ 04 تا پیر 21 ستمبر 2026ء | 22 ربیع الاول تا 10 ربیع الثانی | 1000 | 1600 | 2000 | 2400 | 3000 |

(عامہ اول)
امیدوار کی عمر: 17 مئی 2027ء تک 13 سال ہونا ضروری۔

حفظ کے سالانہ دو امتحانات منعقد کیے جاتے ہیں۔

پہلے سالانہ امتحان کے لئے فارم داخلہ 01 تا 29 ربیع الاول طلب کیے جاسکتے ہیں۔ اور امتحان 15 رجب سے 14 شعبان کے درمیان منعقد ہوتا ہے۔
دوسرے سالانہ امتحان کے لئے فارم داخلہ 9 تا 30 شوال طلب کیے جاسکتے ہیں اور امتحان 1 سے 29 صفر المظفر کے درمیان منعقد ہوتا ہے۔

## ہدایات

(1) طلبہ: سالانہ امتحانات 2027ء رجب المرجب کے آخری ہفتہ میں متوقع ہے ان شاء اللہ العزیز۔
طالبات: سالانہ امتحانات 2027ء شعبان المعظم کے درمیانی عشرہ میں متوقع ہے ان شاء اللہ العزیز۔

(2) تخصص فی الفقہ میں صرف وہ امیدوار داخلہ فارم جمع کرا سکتے ہیں جنہوں نے داخلہ ٹیسٹ (انٹری ٹیسٹ) پاس کر لیا ہو۔

(3) تخصص فی الفقہ کے لئے داخلہ ٹیسٹ سال میں دو مرتبہ ہوتا ہے پہلا ذوالقعدہ کے آخر میں اور دوسرا صفر المظفر میں۔

(4) امیدواروں کی سہولت کے لیے ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کیا ہوا فارم بھی قبول کیا جائے گا۔

(5) ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کیے گئے فارم داخلہ کا پرنٹ کم از کم 80 گرام کے کاغذ پر کروانا لازمی ہے۔

(6) پرائیویٹ امیدوار کا تنظیم المدارس میں داخلہ قابل قبول نہیں۔

(7) تنظیم المدارس کی ویب سائٹ پر آن لائن داخلہ کے اندراج اور آن لائن فیس چالان فارم ڈاؤن لوڈ کرنے کی سہولت موجود ہے۔
نیز کولیکشن اکاؤنٹ کی سہولت بھی مہیا کر دی گئی ہے۔

(8) آن لائن چالان فارم اور کولیکشن اکاؤنٹ کے لیے تنظیم المدارس کی ویب سائٹ وزٹ کریں۔

(9) داخلہ فارم منگوانے کیلئے اپنے ادارے کے لیٹرپیڈ پر مطلوبہ تعداد لکھ کر شعبہ امتحانات کو بذریعہ ڈاک یا وٹس ایپ نمبرز (0333-1145326 طلبہ) (0333-1145327 طالبات) پر ارسال کریں۔

کرنٹ اکاؤنٹ نمبر: 0161-200636452 - یونائیٹڈ بینک، راوی روڈ، لاہور
آئی بی اے این نمبر: PK76UNIL0109000200636452

مزید معلومات کے لیے تنظیم المدارس کی ویب سائٹ وزٹ کریں۔
ویب سائٹ: www.tanzeemulmadaris.com
فون نمبر: (042-37731045-49) 0333-1145331
7-8 راوی پارک، راوی روڈ لاہور

تاریخ اجراء
15-06-2026

# شعبہ امتحانات تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

## ضروری ہدایات برائے فارم داخلہ و فیس

1. ازراہ کرم تمام فارم انتہائی احتیاط سے پُر کرکے ارسال کریں، کوائف درست اور واضح لکھیں، بالخصوص متوسطہ اور عامہ اول کے امیدواروں کے فارم کے ساتھ اصل نام اور تاریخ پیدائش کے ثبوت کے لیے شناختی کارڈ/ب۔فارم کی مصدقہ فوٹو کاپی منسلک کرنا ضروری ہے اور فارم داخلہ پر نام، ولدیت اور تاریخ پیدائش وہی درج کریں جو منسلک ثبوت پر ہے تاکہ بعد میں ردو بدل کی تکلیف نہ ہو۔
2. کمپیوٹرائزڈ رول نمبر سلپ کیلئے امیدوار کی تصویر، نشان انگوٹھا اور دستخط برائے شناخت ہیں جعل سازی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری سربراہ ادارہ پر ہوگی لہٰذا پوری ذمہ داری سے متعلقہ خانے میں اصل امیدوار سے ہی دستخط اور درست انداز میں انگوٹھا لگوائیں۔
3. نامکمل فارم اعتراض لگا کر واپس کر دیے جائیں گے۔ دوبارہ صرف مقررہ شیڈول کے اندر 200 روپے فی امیدوار اضافی چارجز (ڈاک خرچ) کے ساتھ وصول کیے جائیں گے۔
4. جو امیدوار مجاز ضمنی یا ناکام ہو اور ری چیکنگ کروانا چاہتا ہو وہ سالانہ امتحان کیلئے فارم داخلہ بھی بھیج دیں۔ ری چیکنگ میں پاس ہونے کی صورت میں ان کی داخلہ فیس واپس کر دی جائے گی بصورت دیگر داخلہ کی تاریخ گزر جانے کے بعد ان کا داخلہ قبول نہیں کیا جائے گا۔
5. داخلہ جات صرف اسی صورت میں قبول کیے جائیں گے جب متعلقہ ادارہ کے ذمہ سالانہ فیس بشمول سال رواں کچھ باقی نہ ہو لہٰذا سالانہ فیس کی ادائیگی کی رسید کی فوٹو کاپی ہمراہ منسلک کرنا ضروری ہے۔
6. متوقع امتحانی مراکز کی فہرست اس نظام الاوقات کے ہمراہ بھیجی جا رہی ہے آپ اپنے امیدواروں کی سہولت کو پیش نظر رکھتے ہوئے امتحانی مرکز منتخب کریں اور اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ تمام امیدواروں کا مجوزہ امتحانی مرکز ایک ہی ہو۔ شعبہ امتحانات آپ کے ادارے کے امتحان میں شریک امیدواروں کی تعداد کم ہونے کی صورت میں انہیں کسی بھی قریبی امتحانی مرکز میں شامل کر دیا جائے گا۔
7. داخلہ فارموں کے ہمراہ امیدواروں کی فہرست اور فیس پروفارما لازمی طور پر مکمل پُر کرکے ارسال کریں۔
8. امیدواروں کو ارسال کردہ ہدایت نامہ پڑھ کر سنائیں نیز کسی مناسب جگہ پر فوٹو کاپی کروا کے چسپاں کر دیں۔
9. فارم داخلہ اور فیس انفرادی طور پر بھیجنے کی بجائے تمام امیدواروں سے ایک ہی جگہ جمع کرکے فارم داخلہ ایک ہی پارسل میں جبکہ فیس ایک ہی رسید کے ساتھ ارسال کی جائے۔
10. درجہ تخصص کا امتحان صرف طلبہ کے لئے ہے۔ خواتین کے لئے نہ تو تخصص کا امتحان ہے اور نہ ہی عالیہ میں تحقیقی مقالہ۔

## ضروری قواعد و ضوابط

1. درجہ متوسطہ/تجوید میں مجاز ضمنی امیدوار عامہ اول کے امتحان کے لیے اہل نہیں ہے۔ پہلے درجہ متوسطہ/تجوید کا امتحان پاس کرنا ہوگا پھر عامہ اول میں شرکت کا اہل ہوگا۔
2. کسی بھی درجہ کا سال اول مجاز ضمنی امیدوار سال دوم کے ساتھ سال اول کا مجاز ضمنی پیپر دے سکتا ہے۔ جبکہ سال دوم میں مجاز ضمنی امیدوار اگلے درجہ کے سال اول میں شرکت کا اہل نہیں۔
3. سال اول (مکمل) اور سال دوم (مکمل) اکٹھے ایک امتحان میں شرکت کی سہولت نہیں ہے۔
4. کوئی امیدوار ایک سال میں دو امتحانات (تجوید و درس نظامی) میں شرکت نہیں کر سکتا۔ حفظ کا امتحان اس سے مستثنیٰ ہے۔
5. درجہ عالیہ میں شرکت کے بعد مقالہ میں مجاز ضمنی ہونے کی صورت میں مقالہ کے مزید تین چانسز (متصل ضمنی و سالانہ ضمنی) ہوتے ہیں۔

## ترقی درجہ کا امتحان

1. تنظیم المدارس کا سند یافتہ کوئی بھی شخص درجہ ڈویژن بڑھانے کے لئے دوبارہ امتحان دے سکتا ہے۔ ترقی درجہ کیلئے دو چانسز ہوں گے، امیدوار کلی یا جزوی امتحان دے کر ڈویژن بہتر بنا سکتا ہے۔ 2. ترقی درجہ/امپرومنٹ کیلئے فارم داخلہ ارسال کرنے کی صورت میں ادارے کے لیٹر پر تصدیق، وضاحت اور متعلقہ درجہ کا اصل رزلٹ کارڈ اور سند ارسال کرنا ضروری ہے۔ 3. کوئی بھی طالب علم/طالبہ اگلے درجے میں شرکت کے بعد پچھلے درجے کے لئے "ترقی درجہ" کا امتحان نہیں دے سکتا۔

**نوٹ:** سرکاری بورڈ سے میٹرک پاس کی بنیاد پر طالبات عامہ سال دوم اور خاصہ سال اول میں شرکت کر سکتی ہیں۔ تاہم اگر عامہ سال دوم میں شرکت کی ہے تو عامہ سال دوم پاس کرنا لازمی ہوگا اس کے بغیر خاصہ اول میں داخلہ نہیں ہوگا۔ اور سرکاری بورڈ سے میٹرک پاس کی بنیاد پر فارم داخلہ کے ساتھ میٹرک پاس رزلٹ کارڈ کی مصدقہ کاپی لگانا ضروری ہے۔ (صرف طالبات)

## دوران سال داخلہ کینسل کروانے کا طریقہ کار

★ نظم وضبط کی خلاف ورزی یا دیگر معقول وجوہات کی بنا پر اگر کسی امیدوار کا داخلہ کینسل کروانا ہو تو آغاز امتحان سے کم از کم 45 دن پہلے ناظم امتحانات کو سربراہ ادارہ کی طرف سے تحریری درخواست موصول ہونا ضروری ہے بصورت دیگر کوئی ادارہ کسی امیدوار کی رول نمبر سلپ/ایڈمٹ کارڈ روکنے کا ہرگز مجاز نہ ہے۔

## سالانہ الحاق فیسوں کا جدول

| نمبر شمار | درجہ بندی مدارس | جس درجے کا امتحان دلوا سکتے ہیں | سالانہ الحاق فیس |
|---|---|---|---|
| 1 | درجہ ابتدائی | حفظ، تجوید وقرأت | 1000 |
| 2 | درجہ تحتانی | حفظ، تجوید وقرأت، متوسطہ، عامہ سال اول و دوم | 2500 |
| 3 | درجہ وسطانی | حفظ، تجوید وقرأت، متوسطہ، عامہ، خاصہ اور عالیہ | 5000 |
| 4 | درجہ فوقانی | حفظ، تجوید وقرأت، متوسطہ، عامہ، خاصہ، عالیہ اور عالمیہ | 7500 |
| 5 | جامعات علیا | حفظ، تجوید وقرأت، تمام درجات، تخصص فی الفقہ | 10000 |

**فیس ہدایات:** واضح رہے کہ سالانہ الحاق فیس بقایا جات کی صورت میں رول نمبر سلپس/رزلٹ کارڈ روک لیے جائیں گے۔ لہٰذا ہر سال کی الحاق فیس بروقت ادا کریں تاکہ بعد میں کوئی پریشانی نہ ہو۔

آپ کے ادارے کا کوئی معلم/معلمہ اگر امتحانات کے موقع پر ناظم/نائب ناظم/معاون/معاونہ مرکز امتحان/جوابی کاپی چیک کرنے کیلئے ممتحن/ممتحنہ کے فرائض سرانجام دینے کی صلاحیت رکھتا/رکھتی ہو اور وہ یہ فریضہ سرانجام دینے پر آمادہ بھی ہو تو اس کا نام مع کوائف و درخواست ارسال کردہ فارم کے ذریعے ارسال کریں تاکہ اس سلسلہ میں اگر ضرورت پڑے تو اس کی خدمات لی جا سکیں۔

**آن لائن داخلہ جات کی سہولت:** تنظیم المدارس کی ویب سائٹ پر آن لائن داخلہ کے اندراج اور آن لائن فیس چالان فارم ڈاؤن لوڈ کرنے کی سہولت موجود ہے نیز کولیکشن اکاؤنٹ کی سہولت مہیا کر دی گئی ہے۔ آن لائن اندراج داخلہ کو ترجیح دیں مستقبل قریب میں یہ لازمی ہو جائے گا۔

**اہم نوٹ:** تنظیم المدارس کی ویب سائٹ میں "منظم المدارس" کے لنک سے رول نمبر سلپس/ایڈمٹ کارڈ پرنٹ کیے جا سکیں گے۔ "منظم المدارس" لنک سے استفادہ کے لئے "خفیہ کوڈ" کا ہونا ضروری ہے "خفیہ کوڈ" کے حصول کے لیے ادارے کے لیٹر پیڈ پر سربراہ ادارہ کی طرف سے تحریری درخواست کے ذریعے یا اپنے رجسٹرڈ نمبر سے مرکزی دفتر کے شعبہ الحاق سے حاصل کریں۔ ایڈمن آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ سے رابطہ کرنے کے لئے اس نمبر صرف واٹس ایپ/ٹیکسٹ میسج کر کے حسب ہدایت عمل کریں۔ (0333-5113548) (فون کال سے گریز کریں)